# پاکستان کا دورہ بہت مثبت اور خوشگوار رہا، ڈیمئن ہوف

**لاہور، 27 جولائی 2022ء:**

ایڈیلیڈ کے چیف کیوریٹر ڈیمئن ہوف نے اپنے دورہ پاکستان کو مثبت اور خوشگوار قرار دیا ہے۔ وہ 12 روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد 28 جولائی بروز جمعرات کو واپس آسٹریلیا روانہ ہو جائیں گے۔

ڈیمئن ہوف 15 جولائی کو پاکستان پہنچے تھے۔ اس دوران انہوں نے قذافی اسٹیڈیم لاہور، نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر، پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم، نیشنل اسٹیڈیم کراچی، نیا ناظم آباد اور ملتان کرکٹ اسٹیڈیم کی پچز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ان مقامات پر ذمہ داریاں ادا کرنے والے کیوریٹرز اور مقامی کوچز کو پچز اور آؤٹ فیلڈ کی تیاری پر لیکچرز بھی دیئے۔

**ڈیمئن ہوف:**

ڈیمئن ہوف نے کہا کہ ان کی پاکستان آمد کا مقصد یہاں کے کیوریٹرز کو ایڈیلیڈ اوول میں بننے والی پچز کی تیاری متعلق معلومات فراہم کرنا تھا، جیسا کہ وہاں گیند میں باؤنس لانے کے لیے کتنا گھاس چھوڑا جاتا ہے۔ اسی طرح انہوں نے چار سینٹرز کے کیوریٹرز اور کوچز کو لیکچرز دینے کے ساتھ ساتھ خود پچ کو رول کرکے بھی دکھایا۔

آسٹریلوی پچ ماہر نے کہا کہ ان کا دورہ پاکستان بہت خوشگوار اور مثبت رہا ہے، وہ وطن واپس پہنچ کر اپنے دورے سے متعلق ایک مفصل رپورٹ پی سی بی کو بھجوائیں گے تاہم پاکستان کے لوگ کرکٹ سے بے پناہ محبت کرتے ہیں اور وہ یہاں مسابقتی کرکٹ کے لیے ہر ممکن بہتری کے لیے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں۔

ان کا کہنا ہے کہ کیوریٹرز اور کوچز سے تبادلہ خیال کے دوران دوطرفہ موضوعات پر گفتگو ہوئی اور اس دوران کئی نئی آئیڈیاز سامنے آئے۔ یہاں مختلف موسم کے باوجود کیوریٹر ڈیپارٹمنٹ سخت محنت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشینری ایک ایسی چیز ہے جو ہر بدلتے روز کے ساتھ اپ گریڈ ہوتی رہتی ہے مگر فی الحال پاکستان کی پچز میں استعمال ہونے والی مشینری ٹھیک ہے۔

ڈیمئن ہوف نے کہا کہ پاکستان کا اپنی پچز کی تیاری میں مختلف خطوں کی مٹی کا استعمال کرنا بہت قابل ستائش عمل ہے۔ آسٹریلیا کی مٹی یہاں پچ میں باؤنس لائے گی، جو پاکستان کو دورہ آسٹریلیا کی تیاریوں میں معاونت کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آسٹریلیا نے بھی اپنے ہائی پرفارمنس سینٹر میں ریڈ کلے کی ایک پچ بنا رکھی ہے جہاں وہ پاکستان یا بھارت کے دورے سے قبل تیاری کرتے ہیں۔

ڈیمئن ہوف نے کہا کہ وہ ڈراپ ان پچز سے متعلق ایک فزیبلٹی رپورٹ پی سی بی کو فراہم کریں گے، تاہم یہ پی سی بی پر منحصر ہے کہ وہ اس معاملے پر مزید کیا فیصلہ کرنا چاہیں گے۔

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager – Media and Communications
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.